نشورِ نعت
(فردیات)
راجا رشید محمود
ماہِ ادب پبلشرز، لاہور

منشورِ نعت

(فردیات)

راجا رشید محمود

ماہِ ادب لاہور

کتاب : منشورِ نعت (مجموعۂ فردیات)

شاعر : راجا رشید محمود (ایم اے ۔ فاضل درسِ نظامی)

زبان : اُردو ۔ پنجابی

اشاعتِ اوّل : ۱۹۸۸ء
کاتب : مبارک علی فاروقی ۔ بی ایس سی ۔ بی ایڈ ۔
صفحات : ۱۷۶
ناشر : ماہ ادب، لاہور
مطبع : گنج شکر پرنٹرز ۱۰/۲ ریٹی گن روڈ لاہور

قیمت : ۵۰/- روپے

اپنے جگرِ لخت لخت کے نام

اب تک نبیؐ کی جلوہ گہِ نور دُور ہے!

اللہ! کیوں اثر سے دُعا دُور دُور ہے

نعتِ محبوبِ خلائق بزبانِ اُردو

مہِ چرخِ نبوت تک پہنچنے کو ہُمکتا ہے
خیالوں کے دریچے سے دلِ ناشاد یاں آقا

○

تقلید کس کی، کس کا تتبّع سوائے وحی!
اسلوبِ کبریا ہی تو شایانِ نعت ہے

○

نعتِ محبوبؐ خدا کے واسطے
لمعۂ اسلوبِ داور چاہیے

○

سُنّتِ ربِّ عُلیٰ ہے وجہِ اطمینانِ قلب
نعت کہتا ہوں تو میں رہتا ہوں کیسا مُطمئن

○

مری زباں پہ نہ کیوں تیری نعت جاری ہو
خدائے پاک کا موضوعِ گفتگو تو ہے

○

وقفِ نعتِ سرورِ کلؐ ہیں مرے فکر و شعور
مدحتِ خیر البشرؐ ہے سُنّتِ ربِ غفور

○

خُدا بھی ثنا خواں ہے قرآں میں جن کا
ہُوں مدّاح اُن کے حضُور، اللہ اللہ

○

قلم اُٹھایا جو تقلیدِ کبریا میں کبھی
زمینِ نعت بنی آسمانِ معنیٰ کا

○

نعتِ حضورؐ سنّتِ ربِ کریم ہے!
اِس ذِکر میں ہے کِتنی حلاوت، نہ پُوچھیے

○

محمود خدا وندِ تعالیٰ کا کرم ہے
خامے پہ جو ہے مدحتِ آقاؐ اثر انداز

○

عطائے کبریا ہے نعت گوئی
کرم ہے حُسنِ معنیٰ سے بیاں تک

○

ہم کھولتے ہیں راز کہ کس سے ہے کیا مُراد
نعتِ رسُولؐ سے ہے ثنائے خُدا مُراد!

○

نعتِ رسولِ پاک ہے حمد و ثنائے حق
ہے مدح خواں حضورؐ کا مدحت سرائے حق

○

ہوں نعت سرائے شہِ دیںؐ، حمد سرا بھی
ہے مدحِ رسولِؐ دوجہاں مدحِ خدا بھی

○

خدا اُن کی تعریف خود کر رہا ہے
نہیں نعت کہنے میں محمود تنہا

○

میں اُن کی نعت کہوں جن کے دم سے زندہ ہوں
یہ اور کیا ہے، اگر ہدیۂ سپاس نہیں!

○

لکھی ہے نعتِ نبیؐ لوحِ قلبِ رخشاں پر
نہیں ہے صرف یہ کلکِ گیاہ کی تحریر

○

بحر ہے مدحتِ شہِ کونینؐ
اور مری نعت ایک دُرِّ ثمیں

○

میں آنے کو تو آپہنچا ثنا خوانی کی سرحد میں
سمندر کی سی گہرائی ہے تذکارِ محمدؐ میں

○

نعتِ آقاؐ سے ہے گویا اکتسابِ بزمِ قدس
مدح گوئے مصطفٰےؐ ہے بہرہ یابِ بزمِ قدس

○

نعت ہے بے دینی و الحاد کے سم کا علاج
یہ دوا ہے ذہن کے امراضِ پیہم کا علاج

○

نہ ہوں کیوں مدح خواں شایانِ فردوس
نبیؐ کی نعت ہے عنوانِ فردوس

○

دِل سے نکلیں، دلوں تک پہنچیں
ذِکر ہے نعت کی صداؤں کا

○

مدحِ رسولؐ میں رہیں مصروف روز و شب
پانچوں میرے حواس، مری التماس ہے

○

جو بھی مدحت سرائے آقاؐ ہے
کیسے دیکھے ملال کی صورت

○

جو بھی کرتا ہے پیمبرؐ کی ثنا خوانی شروع
رحمتِ حق اس پہ کرتی ہے گُل افشانی شروع

○

نام جب سرکارؐ کا جپتا نہ تھا ہر صبح میں
روز ہوتی تھی سحر، حُسنِ سحر ایسا نہ تھا

○

دُور تم سے بھی مقدر کے اندھیرے ہونگے
مدحِ سرکارؐ کی قندیل جلائے رکھنا

○

ہے صَرفِ نعت گوئی لمحہ لمحہ یارسُولؐ اللہ
مجھے یہ آپؐ نے اعزاز بخشا یارسُول اللہ

○

نام لیتا ہے جو یہ صبح و مسا سرکارؐ کا
کام ہے محمودؔ کو اتنا ہی سرکاری بہت

○

مجھے محمودؔ احساسِ تفاخر کیوں نہ ہو دِل میں،
کہ آئی میرے حصے میں محمد کی ثناخوانی

○

تمہاری نعت ہی میں ہوں مگن مَیں یارسُولؐ اللہ
فرشتوں کا ہُوا ہوں ہم سخن مَیں یارسُول اللہ

○

عافیت محمودؔ پائی ہے نبیؐ کے ذِکر میں!!
نعت ہی سے زندگی میری کسی قابل ہوئی

○

محمودؔ میرے لب پہ ثنائے رسُولؐ ہے
عِزت مِلی ہے وہ کہ ہوں شہرت سے مُنحرف

○

یہ میری شاعری اور یہ مرے افکار کا حاصل
تمہاری نعت پر ہی مشتمل ہے یارسُولؐ اللہ

○

مُفتخر ہوں نعت کے ارقام سے یا مُصطفےٰؐ
ہے زباں شیریں تمہارے نام سے یا مُصطفےٰؐ

○

گہرِ بحرِ سخن سے نعت کے چُن چُن کے لاتے ہیں
نشاط و کیف کی موجوں میں لہرائیں نہ ہم کیونکر

○

میں نے جب سُلجھائی ہیں زلفیں عروسِ نعت کی
گیسوئے تقدیر میں کس طرح خم رہ جائے گا

○

مُجھ کو محمود اعزاز بخشا گیا، مدح خوانِ نبیؐ مُجھ کو لکھا گیا!
لوحِ قسمت پہ اک نقش کھینچا گیا میری تقدیر یوں خوبرو ہوگئی

○

اکرامِ نبیؐ، الطافِ خدا، سُبحان اللہ ماشاءاللہ
لب پر ہے نبیؐ کی نعت سدا، سُبحان اللہ ماشاءاللہ

○

دل کی زباں میں مدحتِ سرکار ہو بیاں
اربابِ نقد و فن بھی سلیقہ کہیں جسے

○

میرے لب پر ہے بہر صبح و مسا مدحِ رسولؐ
ہے دو روزہ زندگی کا مدعا مدحِ رسولؐ

○

نغماتِ نعت میرے لبوں پر رہیں مُدام!
قائم رہے جو سانس کی یہ ڈور یا رسولؐ

○

مدحِ رسولؐ میں ہو بیانِ حدیثِ شوق
جب تک ہمارے نُطق میں تاب و تواں رہے

○

جب سے ذوقِ شاعری محمودؔ کو حاصل ہوا
آپکی مدحت ہے موضوعِ سخن شاہِ زمنؐ!

○

تمھارے التفاتِ خاص کا یہ بھی کرشمہ ہے
کہے جاتا ہوں نعتیں میں مسلسل یا رسولؐ اللہ

○

بوسے اس نطقِ مقدس کے، لیے جبریلؑ نے
جس پہ نعتِ مصطفٰےؐ صلِّ علٰی جاری ہوئی!

○

گُل فشان و عطر بیز و عنبر افشاں ہو گئی
وہ زباں جس پر نبیؐ کا نام جاری ہو گیا

○

کیفیت ناقابلِ تحریر ہے کل رات کی!!
نعت کہتا تھا مگر ایسے کہ بیداری نہ خواب

○

میں بے نوا ہوں مگر اُن کی نعت کہنے کو
تلاشِ مال و زرِ حرف و لفظ کرتا ہوں

○

ہے فکرِ ماسوائے نبیؐ وقت کا ضیاع
نعتِ حبیبِؐ خالقِ ہر دو سرا ہے فن

○

چاہتے ہیں وہ کہ اُن کی عاقبت محمودؔ ہو!!
اس لیے مدحِ شہِ ارض و سما کرتے ہیں لوگ

○

کہیں گے نعت فردوسِ بریں کے لالہ زاروں میں
جو ہوگا ہم کو یہ موقع بہم یا سرورِ عالمؐ

○

روزِ محشر یہ تمنّا ہے، شفیعِ محشرؐ!
میں نظر آؤں وہاں مدح سراؤں جیسا

○

ذکرِ حق کے بعد ذکرِ مصطفےٰؐ کرتے ہیں لوگ!
اپنے کاموں کی کچھ ایسے ابتدا کرتے ہیں لوگ

○

تذکرہ شاہِ مدینہؐ کا جو ہوگا لب پر
ذکرِ خالق ہی بہ اندازِ دگر بھی ہوگا

○

کچھ لوگ لفظ و معنیٰ میں کرتے ہیں امتیاز!
اُن کو خدا سے کیا، انھیں آقاؐ سے کیا غرض

○

عکسِ حُسنِ ذات ہے حُسن و جمالِ مُصطفےٰؐ
ہے مقالِ حق تعالیٰ قیل و قالِ مُصطفےٰؐ

○

خُدا بھی ہے رحیم اور آپ بھی ہیں رحمتِ عالم
ہے نازک تر بہت یہ استعارا یا رسُولؐ اللہ

○

مومن ہوں، مُجھے اس نے دکھایا درِ احمدؐ
ہے گرچہ رؤف اور رحیم اپنا خُدا بھی

○

خُدا کو مان لو، سَر کو جُھکاؤ، کُفر ہے پھر بھی
وُہ مومن ہے، عنایت جس کو فرمائیں سند آقا

○

ہے خدا مالک و مُختار، وُہ اس کے محبُوب
یوں ہوئے مالک و مُختار ہمارے آقاؐ

○

محبُوب و مُحب دونوں میں کیا فاصلہ ہوتا!
قوسین میں جب اُن کی مُلاقات ہوئی تھی

○

پردہ دَر خود ہی پسِ پردۂ حیرت نکلا!
میری آنکھوں ہی کا پردہ ہے، یہ پردہ کیا ہے

○

شرطِ ایماں ہے کہ اقرارِ رسالت بھی کرو
صرف اقرارِ اُلوہیت یہاں بے سُود ہے

○

کرد نہ ذکرِ خدا، ذکرِ مُصطفیٰؐ کے بغیر
کبھی جو جان لو اَسرارِ احمدِؐ مُختار!

○

مانا خدا کو ہم نے توسُّط سے آپ کے
مفہُوم کیا ہے اِس کے سوا "لاالٰہ" کا

○

ہویدا جب نہ تھا نُورِ مُبارک تیرا دُنیا میں
مئے وحدت تو تھی پرنا کشیدہ یا رسُولؐ اللہ

○

ہوا حضورؐ سے واضح تصورِ وحدت!!!
ہمارے دین کی اِس کے سوا اساس نہیں

○

ان کے بغیر ہو گی خُدا تک رسائی کیا
حق آشنا ہے وہ جو پیمبر شناس ہے

○

حُبِّ پیغمبرؐ پہ ہے حُبِّ خُدا کا اِنحصار!
میرے آقا کی اطاعت اطاعتِ معبود ہے

○

پرتوِ اوصافِ ذاتِ کبریا اُن کا وجود!!
اِن کی اُس سے، اُس کی اِن سے ہمکناری واہ وا

○

اُس شخص نے خالق کی ہستی کو جان لیا، پہچان لیا
ہو جس کو میسر عرفانِ فرمانِ مُحمّد صلِّ علیٰ

○

سرکارؐ تک رسائی سے ملتا ہے کبریا
حق ان کا آشنا ہے، وُہ ہیں آشنائے حق

○

کہا کرتا ہوں مَیں جو نعت ہر دم اے شہِ عالم
ہے تمجیدِ خدا بھی اس میں مُدغم اے شہِ عالم

○

نہ ہوں کیوں آپ دونوں مہرباں محمودؔ مذہب پر
زباں پہ اس کی دو نعرے ہیں "یاہُو" "یارسولؐ اللہ"

○

خدا کا نام ہے دل میں، نبیؐ کا ہونٹوں پر
یہ بات باعثِ صد افتخار ہے کہ نہیں!

○

نہیں تھے وہ تو رب کو جاننے والا نہ تھا کوئی
معانی آشنا ہے نقطِ ھُو سرکارؐ کے دم سے

○

قرآں میں جن کی شان بیاں خود خُدا کرے
بندے سے اُن کی مدح سرائی ہو کس طرح

○

حقیقت بس یہی شایانِ سرکارِ دو عالمؐ ہے
کہ ہے مدّاح خود ذاتِ خداوندِ جہاں اُن کی

○

جو خدائے پاک کا محبوب ہو
اُس حسیں پیکر کو کیوں کر چاہیئے

○

مرتبہ داں کبریا کے ہیں محمّد مصطفیٰؐ
اور خُدا ہے مرتبہ دانِ شہنشاہِ عرب

○

ذکرِ رسولِ پاکؐ میں ہے تر زباں خالق مرا!!
کہتا ہے وُہ محبوبؐ کو "یا ایُّھا المزّمّلؐ"

○

کھولے ہیں "مَا رَمَیْتَ" نے اسرارِ حق تمام
کہتا ہے کون یہ کہ خدا سے جُدا ہیں آپؐ

○

آپ کے رُتبے کا کیا ادراک ہو انساں کو
آپ ہیں چشمِ خدا میں محترم شاہِ اُممؐ

○

ہم کیا، ہمارا علم ہے کیا، کیا بساط ہے
اللہ کی نظر میں ہیں آقاؐ کی عظمتیں

○

دانندۂ غیاب و عیاں اور کون ہے
خالق کا رازداں ہے کہاں آپ کے سوا

○

پوشیدہ بات کیا ہے، نہاں راز کون سا
دانندۂ غیاب ہے جب رازداں ہیں آپؐ

○

قسم اس چیز کی کھاتے ہیں جو ہر شے سے پیاری ہو
تو پھر خالق نہ کھاتا آپ کی جاں کی قسم کیوں کر

○

شعر کو پیرہنِ عشق ملا ہے محمود
نعت و تحمید کی رنگین قباؤں جیسا

○

یہ ذکرِ حسیں سُنّتِ خلّاقِ جہاں ہے
قرآں میں ذکرِ آپؐ کا آیا ہے بہ تفصیل

○

مومنو! بھیجو درودِ پاک کا ہدیہ انھیں!
ہو گیا اللہ کا فرمان جاری، واہ وا

○

احترامِ سرورِ ہر دو جہاں کے درس میں !
کبریا نے ذکر فرمایا ہے خاص انداز سے

○

پڑھ کے قرآں میں محمودِ نبیؐ کی مدحت
جسم ساکت ہیں تحیّر میں تو سائے پتھر

○

والضحٰے ہو کہ سورۂ یٰسین
ہے یہ میرے حضورؐ کی تحسین

○

والضحٰے ہے چہرۂ پُر نور کا عکسِ جمیل
شرح ہے واللیل کی زلفِ معنبر مُو بہ مُو

○

والشمس ہے خطابِ حبیبؐ خدائے پاک
سرکارِ دو جہاں کا ہوا والضحٰے لقب

○

مصطفٰے کے چہرۂ پُر نور پر
سورۂ والشمس کی دیکھو پھبن

○

ابجدِ تعلیمِ انساں حرفِ طٰہٰ ہو گیا !
کھٰیٰعٰص اب ہے نصابِ بزمِ قدس

○

دنا کے قصر میں قوسین کا تقرّب ہے
خدائے پاک سے یوں محوِ گفتگو تُو ہے

○

ظاہر ہوا ہے آیۂ مَا یَنطِقُ سے راز

ہے گفتۂ رسولؐ سے وحیٔ خدا مُراد

○

وجہِ نجات آپ ہیں، جاءُوکَ ہے گواہ

سر تا پا شرحِ آیۂ بَدرُ الدُّجیٰ ہیں آپؐ

○

تَبَّتْ یَدا انذیر ہے، روزِ نشور تک

ان کو کہ جن کی فکر پہ ہے بولہب کا رنگ

○

خادموں کو آپ کے پیغام لَا تَحْزَنْ ملا!!

آپ کے بندوں نے پایا مژدۂ لَا تَقْنَطُوْا

○

مجھ کو قسم ہے مَا طَغیٰ کے نورِ پاک کی

دانندۂ غیاب و حضور آپؐ ہی تو ہیں

○

کُھلتا ہے مَا رَمَیْتَ کے اسلوبِ خاص سے

محبوب سے خدائے جہاں کا مُعاملہ

○

مُزَّمِّلُ، نَبِیُّ، رَءُوفُ و رَحِیم سے

کیا کیا ملے حضورؐ کو مُعجز نما لقب

○

وہ بن کے آئے جہانوں کے واسطے رحمت

ہر اک مقام پہ جاری ہے فیضِ عامِ رسولؐ

○

لاریب حبیبِ خالق کی بعثت بھی خُدا کا احساں ہے
ہوتی ہے جہاں پر بارانِ احسانِ محمد صلِّ علیٰ

○

جانِ احمدؐ کے ذکر سے کھولا!
خُود خُدا نے قسم کا دروازہ

○

ہے کون رُوحِ کُن فیکوں آپ کے سوا
ہے کون، دو جہاں کا خُلاصہ کہیں جسے

○

نسبتِ نعلین سے ہے مُحترم خاکِ حجاز!
ہے کلامِ پاک میں سوگندِ باری واہ وا

○

عدیل اُس کا زمانے بھر میں ہو سکتا نہیں کوئی
بجُز اس کے نہیں ہے رحمۃ للعٰلمین کوئی

○

زمانہ ہے فدائے خاکِ یک مُشت
ہیں آقا، بدر کی نُصرت کے صدقے

○

سلام اُس پر کہ جو محبُوبِ خلّاقِ دو عالم ہے!
سلام اس پر، اطاعت جس کی حق نے فرض فرمائی

○

خُدا نے خود یہ فرمایا ہے لولاک لما کہہ کر!
تُمھارے دم قدم سے ہے یہ رونق یا رسُولؐ اللہ

○

باعث ہیں جو تخلیقِ جہاں کے وُہ بہ اجمال

لَوْلَاکَ لَمَا ایک کنایہ ہے بہ تفصیل

○

تکوینِ کائنات کا باعث حضورؐ ہیں!!

اِس سے زیادہ اور کہوں کیا کہ کیا ہیں آپ

○

مَنْ رَّاٰنِیْ آئینے میں جھلک اُٹھے گی رویت حق کی!

عکس آئینہ میں وُہ آئینہ گر بھی ہوگا۔

○

دیدِ خدا ہے رویتِ محبوبِ کبریا

ہر جلوۂ رسُولؐ ہے جلوہ نمائے حق

○

دیکھا انھیں تو دیکھ لیا کردگار کو

بھٹکو نہ تم حدودِ نظر کی تلاش میں

○

خدا مُعطی ہے اور ہیں آپ قاسم اُس کی نعمت کے

ہمیں پھر کیوں ہو فکرِ بیش و کم، یا سرورِ عالمؐ

○

قاسم اِس کے آپ ہیں، معطی ہے خلاقِ جہاں

کھا رہے ہیں ہم سبھی نعمت رسُولُ اللہ کی

○

پسند اس نے نہ رنگ و نسل کی تفریق فرمائی

خدا ترسی فضیلت کے لیے معیار ٹھہرائی

○

وقتِ مولود و شبِ اسریٰ و ہنگامِ وصال
ربِّ ہب لی اُمّتی سرکارؐ فرماتے رہے

○

ملا ہے درس محمّدؐ سے "فقر و فخری" کا
کمالِ فقر میں مضمر ہے قیصری اپنی

○

تاثیرِ قدم اُن کی ہوئی ثبت اُحد پہ
اُنگلی کا ہُوا مہ پہ اشارا اثر انداز

○

ہے یہ فرمانِ نبیؐ ـــــ وُہ راندۂ درگاہ ہے
بھُول جائے اپنے خالق کو جو دورانِ نشاط

○

دہر بھر کی ہر صداقت کو پرکھ کر دیکھ لو
جو حدیثِ مُصطفےٰؐ میں ہے، وُہ سچائی کہاں

○

زہے یہ شانِ تکلّم، یہ گفتگوئے نبیؐ
کلامِ خالقِ کونین ہے، کلامِ رسُولؐ

○

جو دل کی آنکھ سے قرآنِ پاک دیکھو گے
ملیں گے اس میں بھی آثارِ گفتگوئے رسُولؐ

○

جو حقیقت آپؐ کے ارشاد میں ہے جلوہ گر
بات قرآنِ مُبیں میں بھی وہی ہے یا نبیؐ

جو قول ہے آقا کا، فرماں وُہ خدا کا ہے
قرآں میں بھی نظروں کو سرکارؐ نظر آئے

غم و الم کے جہانِ تیرہ میں بے دلی بھی ہے، بے کلی بھی
کرو گے محمودؔ ذکرِ احمدؐ تو دِل کو آسُودگی ملے گی!!

ذکرِ نبیؐ سے حال مرا مُستنیر ہے!
ماضی کی فکر کیا، غمِ فردا سے کیا غرض

وا ہوئے ذکرِ نبیؐ میں لبؔ، کھُلا بابِ خلوص
لُطفِ خلاّقِ جہاں سے ہوں عطا یابِ خُلوص

دِل کو اگر مصائب و آلام ہوں مُحیط!
ذکرِ رسُولِ پاک سے حاصل سکوں کریں

ذکرِ پاکِ مُصطفٰے (صلِّ علیٰ) سے دوستو
آرزُوئے دید پاتی ہے مرے دل میں نمُو

لب پہ ذکرِ مُصطفٰے صلِّ علیٰ دن رات ہے
یعنی صد فی صد قیامت میں ہے امکانِ نشاط

ذکرِ آقاؐ میں مری بے اختیاری واہ وا
نام ہے سرکارؐ کا ہونٹوں پہ جاری واہ وا

○

ذکر اُن کا ہے تو ہر لب کا مُقدر بن جائے
یاد اُن کی ہے تو سینوں میں اُتر کر چمکے!

○

ذکرِ خدائے پاک کا یارا کہاں ہمیں
اپنی زبان و خامہ پہ، روحی فدا ہیں آپ

○

یادِ خدا میں ذکر ہمیشہ شعار ہے
معلوم اب ہوا ہے، ہُنر کس کا نام ہے

○

تمھارا ذکر، تمھارا خیال سب کچھ ہے
تمھاری یاد سے مملو ہے خامشی اپنی!

○

جو کر سکو تو ذکرِ محمّد کیا کرو!!
مدح و ثنائے حُسنِ نگاراں ہُنر نہیں

○

میں اُن کے ذکر میں شام و سحر رہوں مشغول
نہ صبح اس سے ہو فارغ مری، نہ شب فارغ

○

ذکرِ آقا میں خیال آئے جونہی اعمال کا
آنکھیں اشکِ ندامت سے ہو تر، اتنا تو ہو

○

وہ ہستی جو خدائے پاک کی محبوب ہستی ہے
وہ جس کے ذکر سے خالی نہ ویرانہ، نہ بستی ہے

○

محبوبِ پاکِ خالقِ کون و مکاں کا ذکر
میرے لیے وظیفہ ہے شام و پگاہ کا

○

آپ کا اسمِ مبارک خاتمِ دل کا نگیں!
آپ کا ذکرِ حسیں وجہِ سکوں میرے حضورؐ

○

اسمِ پاکِ مصطفٰےؐ کا فیض ہے
مِٹ گئے محمودؔ کے رنج و محن

○

انہی کے اسمِ گرامی سے ہے وجود اپنا
یہ ایک نام ہی وجہِ کشودِ کار آیا!!

○

آقا کا نہ کیوں اسمِ گرامی ہو محمدؐ
ممدوحِ دو عالم بھی ہیں، ممدوحِ خدا بھی

○

مصائب سے رہائی بخشتا ہے!!
محمدؐ مصطفٰےؐ کا نامِ نامی

○

صباحتوں کا سندیسہ بھی نام احمدؐ ہے
جراحتوں کا فقط اندمال ہی تو نہیں

○

مفتخر ہوں نعت کے ارقام سے یا مصطفٰےؐ
ہے زباں شیریں تمہارے نام سے یا مصطفٰےؐ

○

وہ جس کا فرش سے عرشِ بریں تک نام چلتا ہے
اسی کا نام لیتے ہیں تو اپنا کام چلتا ہے

○

اِک نام ہے ضرور، مگر کِس کا نام ہے!
میرے لبوں پہ شام و سحر کِس کا نام ہے

○

وِردِ زباں ہے اسمِ گرامی حضورؐ کا!!
صُبحیں مری ہیں شامِ ندامت سے منحرف

○

ذکر آپؐ کا جو آئے، پڑھیں سب دُرُودِ پاک
نامِ حضورؐ سُن کے سروں کو نگوں کریں

○

نشاں ہے آپ کی اُنگشت کے اشارے کا
وُہ ایک داغ جو قلبِ قمر میں رہتا ہے

○

آپ کی انگشت کا ادنیٰ اشارہ ہے وُہ خضر
جس سے ظاہر راہِ تسخیرِ مہِ کامل ہوئی

○

فقط ارادۂ محبوبؐ رجعتِ خورشید
فقط اشارۂ انگشت ماہ کی تسخیر

○

ہوا خورشید واپس آپؐ کے ادنیٰ اشارے سے
کیا اُنگلی سے مہ کو آپؐ نے شق یا رسول اللہ

○

رجعتِ خورشید شاہد آپ کی عظمت پہ ہے
اور ہے شق القمر شانِ کمالِ مصطفےٰ

○

برائے بدر بھی ہے اِک اشارۂ انگشت
پئے سلامیٔ آقا ہلال ہی تو نہیں!

○

قمر شق، مہر واپس ہو گیا ہے
زمانہ آپ کی قدرت کے صدقے

○

دیکھا نہیں کسی نے بھی سایہ حضورؐ کا!!!
خِلقت نہ نُور کی ہو تو ہوتے ہیں سائے حق

○

ہو گیا نقشِ قدم ثبت اُحد پر اُن کا
موم تھے، زیرِ قدم اُن کے جو آئے پتھر

○

عشقِ نبیؐ کی فصل وقارِ بہار ہے
مانوس قلب وذہن کی آب وہوا تو ہو

○

فطرت جو سُناتی ہے صدا عشقِ نبیؐ کی!!!
عالم ہمہ تن گوش بر آواز ہوا ہے

○

پھر بھی اُگے ہیں عشق و محبت کے اِس میں پھول
گرچہ ہے میرے دِل کی زمیں شور یارسول اللہ

○

جس کی رگوں میں عشقِ نبیؐ موجزن رہے
اُس خوش نصیب شخص کو دُنیا سے کیا غرض

○

دولتِ عشقِ رسُولِ حق جسے حاصل ہوئی
کون اُس مردِ خُدا سے ہے زیادہ مطمئن

○

سرمایہ چاہیے مجھے عشقِ رسُولؐ کا!!
دستِ طلب ہے دامنِ زر کی تلاش میں

○

خداوندِ جہاں کے بعد اِس دُنیائے فانی میں
فقط ہے جذبۂ عشقِ نبیؐ باقی و لافانی!

○

مہِ چرخِ نبوّت تک پہنچنے کو ہمکتا ہے!
خیالوں کے دریچے سے دلِ ناشاد ماں آقاؐ

○

جس کو ملی لطافتِ عشقِ رسُولِ پاکؐ
وُہ شخص ہے وجُودِ کثافت سے مُنحرف

○

مدینے تک رسائی ایسے خُوش بختوں کی قسمت ہے
رہِ عشق و وفا میں سر کے بل جو لوگ چلتے ہیں!

○

وُہ زمانے میں حیاتِ جاودانی پا گیا!!
جس کی قسمت میں ہے عشقِ لازوالِ مصطفیٰؐ

○

جس کا دل عشقِ پیمبر کا مقر بھی ہوگا
وُہی اللہ کا منظورِ نظر بھی ہوگا!

○

جاتی نہیں جو منزلِ عشقِ نبیؐ کی سمت
اس راہ پر چلیں گے کبھی بھول کر نہیں

○

جب تک پرت پرت میں نہ عشقِ رسُولؐ ہو
دل کی تہوں سے ختم بُرائی ہو کس طرح

○

عشق پہنچائے گا طیبہ کے کرم زاروں تک
کعبے پہنچے گا جو ہے عقلِ رسا کا بندہ

○

میں باثروت ہوں، دَولت مند ہوں میں
نبیؐ کے عشق کی دَولت کے صدقے

○

اگر کسی کی محبت خُدا نصیب کرے
مجھے نبیؐ کی محبت خُدا نصیب کرے

○

تا دمِ مرگ میں نہ چھوڑوں گا
سرورِ محتشمؐ کا دروازہ!!

○

پھل پھول اِس میں ان کی محبت کے ہیں فقط
شاداب جن کے دَم سے ہوئی سرزمینِ دل

○

دامنِ حُبِّ پیمبر ہے مسرّت کا سبب
کون بدقسمت ہے، جو چھوڑے گا دامنِ نشاط

○

ہر شے میں ہے محبّتِ سرکارؐ جلوہ گر
مجُھ کو شعورِ دید، مذاقِ نظر مِلے !

○

اُلفت نبیؐ کی کِس کو مِلی ہے، کِسے نہیں
اسلام و کُفر کی ہے یہ سرحد یہ فیضِ عشق

○

ہیں اہلِ عقل رسا چاند کی حقیقت تک
ہم اہلِ عشق ہیں اِن کی گلی سے واقف ہیں

○

مطلعِ خلق ہیں مقطعِ انبیاءؑ، سب کی جو ابتداء، سب کی جو انتہا
سب کے محبُوب ہیں وُہ حبیبِ خُدا، اُن کی اُلفت مری آبرو ہوگئی

○

گر نہیں دِل میں شہِ ہر دوسرا کی اُلفت
بے گناہی کا تصوّر ہے خطاؤں جیسا

○

نبیؐ کا عشق دلوں سے نِکل نہیں سکتا
عبث کِسی کی ہے شام و پگاہ کی تقریر

○

محبّت اور اخوت کی ہمیں تعلیم دی جس نے
رواداری کا برتاؤ کیا دُشمن سے بھی جس نے

○

وہ کون ہے کہ جس کو عدو بھی عزیز تھے
وہ کون ہے کہ غیر بھی اپنا کہیں جسے

○

دی دُعائیں مرے آقاؐ نے جو کھائے پتھر
پھول بخشے انھیں، جن لوگوں سے پائے پتھر

○

شہِ کُل کو جب بھی کسی نے ستایا
زباں اُن کی وقفِ دُعا ہو گئی ہے

○

جو تیری جان کے دُشمن تھے، وُہ بھی کہتے تھے
امین تو ہے، صداقت کی آبرو تو ہے!

○

دُشمنوں سے بھی محبت اور شفقت کا سلوک
کس کو بھولے گی یہ خُوئے بے مثالِ مُصطفیٰؐ!

○

مُنکسر ہر وقت رہنا مُصطفیٰؐ سے سیکھ لو
ذوقِ ابلیسی و بولہبی رہا کبر و غرور!!

○

وہی کام اُس سے ہیں منسُوب، جن سے ہے خدا راضی
کوئی دیکھے تو اس کی سادگی، ایثار، فیاضی

○

تیغ سے نہ پھیلایا دین کو شہِ دیںؐ نے
چل گیا زمانے پر خُلق کا فسُوں لیکن

○

دُوری کی شاخ پر بھی اخوت کے پھول ہیں
اُن کے طفیل اجنبی بھی آشنا لگا

○

حضورؐ سادہ تھے، تم بھی دُعا کرو محمودؔ
کہ سادگی کی محبّت خدا نصیب کرے

○

خدا کی ذات کو پہچاننا ہے ناممکن!
نظر میں جب نہ ہو پہلے حضورؐ کی سیرت

○

اُن کا اُسوہ اُن کی سیرت، ہر مومن کے دل کی راحت
ہیں انسانِ کامل احمد صلی اللہ علیہ وسلم

○

جب تک دکھائے راہ نہ سیرت حضورؐ کی
بھٹکے ہوؤں کی راہنمائی ہو کس طرح

○

جِدّ و جہد زندگی کے واسطے منزل ہے یہ
اُسوۂ آقاؐ ہے وجہِ کامگاری واہ وا

○

اُصول یہ ہے کہ راہِ نبیؐ کو دیکھے گا
رہِ صواب پہ جو شخص چلنے والا ہے

○

اُس پہ رحمت خالقِ کونین کی اے دل ہوئی
زندگی جس کی رہینِ اُسوۂ کامل ہوئی!

○

جادۂ حق و صداقت پر نبیؐ کے فیض سے!

ہم چلے جاتے ہیں آنکھیں بند کر کے رات دن

○

تلخیص ہے توحید کی، تشریحِ رسالت

سرکارؐ کی سیرت نے بتایا ہے بہ تفصیل

○

اُس کو اللہ ولی کہہ کر مراتب بخشے!

اُن کی سیرت جو کسی شخص کے اندر چمکے

○

ہم زمانے میں رہیں گے خستہ حال و خوار و زار!

پیروی سیرت کی ہم میں جب تلک مفقود ہے

○

اُن کی سیرت جو نظر میں رکھتے

زندہ رہنے کا قرینہ ہوتا!

○

ہم نہ جب تک اُن کی دکھلائی ہوئی رہ پر چلیں

حوصلہ کیسا، تیقن کیا، شکیبائی کہاں

○

یہ قبائے آدمیت میں جدیدیت کے چاک

اُسوۂ سرکارؐ کی تقلید سے ہوں گے رفو

○

گو ہے لبوں پہ سیرتِ اقدس کی گفتگو

لیکن دلوں میں ہے جو کثافت، نہ پوچھیے

جو اُن کے رستے کو چھوڑ دو گے، فضا ہی بدلی ہوئی ملے گی
بہ ہر طرف اِس جہاں میں آخر بہیمیت ناچتی ملے گی

○

سوچو تو سہی، اس سے وُہ ناراض نہ ہوں گے
سرکارؐ کی اُمّت میں جو جھگڑے ہیں بہم عام

○

قوم پر ادبار و نکبت کے اندھیرے چھا گئے!
ان کے افکارِ حسیں سے اجنبیت کے سبب

○

بات تو جب ہے کہ ارشادات پر بھی ہو عمل
گرچہ اُلفت کا بہت کچھ اِدّعا کرتے ہیں لوگ

○

المدد! محبوبِ ربِّ ذوالمنن
ہے یہ عصرِ نو نہایت پُر فتن

○

اپنی اُمّت پر نگاہِ لُطف و رحمت کیجیے
ہے ستم ایجاد، چرخِ نیلگوں میرے حضورؐ

○

کہیں قعرِ مذلّت میں نہ اپنی قوم کھو جائے!
ہمیں اب خوابِ غفلت سے جگا دو یا رسول اللہ

○

کچھ اخوت ہم مسلمانوں میں اب باقی نہیں
کیجیے سرکارؐ اس تفریقِ باہم کا علاج

○

رحم فرمائیے کہ دورِ جدید،

ہے بہت پُرفتن میرے آقاؐ

○

اگر آج اپنی اُمت پہ نہ اُلطاف آپ کے ہونگے

بکھر جائیں گے اِس کے سارے اجزا یا رسولؐ اللہ

○

آپؐ کی اُمت زمانے میں ہوئی خوار و زبوں

حالتِ زار اس کی اب ناگفتنی ہے یا نبیؐ

○

ہمیں اپنے تشخص کا نہیں احساس اے آقاؐ

کہ ہم اغیار کے اُگلے ہوئے لقمے نِگلتے ہیں

○

اگرچہ دین سے دُوری شعار ہے اپنا

حضورؐ! پھر بھی یہ اُمت ہے آپ کی اپنی

○

پریشاں ہے کتابِ ملّتِ بیضا کا شیرازہ

خدارا کیجیے اس کو مجلّد یا رسولؐ اللہ

○

ہوئی حالت یہ من حیث الجماعت آج ہم سب کی

عمل کم اور باتیں ہیں زیادہ اے میرے آقاؐ

○

حفاظت دستبردِ جور و استبداد سے کیجیے

مصیبت میں ہیں پاکستان والے، المدد آقاؐ

○

وہ اُمّت جو علمبردار تھی حق و صداقت کی
ہوئی اب کِذب و ظلمت کے حوالے یا رسول اللہ !

○

نہیں اخلاق کی اچھائیاں موجود کچھ ہم میں
ہُوا ہے مُلک انسانوں کا جنگل احمدِ مُرسلؐ

○

میرے آقا دیکھیے اُمّت کا اب کیا حال ہے
سرد ہے جذبہ عمل کا، گرم گُفتاری بہت

○

محفلِ ہستی اُنھی کے نُور سے روشن ہوئی
ذکرِ پیغمبر ہوا لُبِّ لبابِ بزمِ قُدس

○

نُورِ رسُولِ پاک سے دُنیا ہے مستنیر
محدُود طیبہ تک تو نہیں ہیں تجلّیاں

○

روشن ہوئے ہیں مُجھ پہ شفق رنگ راستے
دِل پر پڑی ہے ماہِ مدینہ کی جب کرن

○

رُتبۂ نورِ مجسّم کا جو اب قائل نہیں
مان جائے گا وُہ ان کو روزِ محشر دیکھ کر

○

قانُونِ مُصطفےٰ ہے ہر اک مسئلے کا حل
اس راہ پر چلیں تو سہی، ابتدا تو ہو

نہ مجھ کو خواہشِ جنّت، نہ سیم وزر کی ہوس
یہ افتخار بہت ہے کہ ہوں غلامِ رسُولؐ

کریں ہم کیوں نہ اپنی آبرو سرکارؐ پر قرباں،
کہ ہے قائم ہماری آبرو سرکارؐ کے دم سے

احسانِ کبریا ہے یہ ہم اہلِ دین پر!!
کس طرح ہم منائیں نہ میلادِ آنحضورؐ

اِس جہاں پر اُن کی آمد ہے جو احسانِ خدا
جشنِ میلادِ نبیؐ ہے شکرِ احسانِ نشاط

میلادِ پاکِ سرورؐ کون و مکاں سے
شیرازۂ حیات مجلّد کیا گیا

افضل تریں ہے سارے سنین و شہور سے
میلادِ مُصطفےٰؐ کا مہینا خُدا گواہ

مچی ہے دُھوم، دُنیا میں نبیؐ تشریف لاتے ہیں
خُوشی سے خیر مقدم کو جہاں نے گود پھیلائی

نورِ حق سے مِٹ گئیں باطل کی سب تاریکیاں
جب یہاں تشریف لائے رحمۃ للعالمیں

○

باغِ حیات گلشنِ نا آفریدہ تھا
آمد سے اُن کی ہر گُلِ تر مُسکرا اُٹھا

○

آمد سے جن کی، دور ہُوئے سارے جھٹ پٹے
وُہ نورِ دو جہاں ہے کہاں آپ کے سوا

○

نبیؐ معراج میں اللہ سے ملنے کو جاتے تھے
انوکھی میزبانی تھی، نرالی تھی یہ مہمانی

○

معراج کا اُسے کہاں ادراک ہو سکے
حاجب درِ نبیؐ کا ہے رُوح الامینِ دِل

○

کیونکر نہ ملے ہم کو عرُوج اس کے سبب سے
جب ذکر کریں نوشہِ معراج کا ہم عام

○

گواہی ہے اسرا کی موجود تنہا
نہ شاہد اکیلا نہ مشہود تنہا

○

وہ، جس کے لامکاں کے مناظر ہوں منتظر
اسرا کا مہمان ہے کہاں آپ کے سوا

○

غائب نہیں ہوئے ہیں زمیں سے مرے حضورؐ
اسرا کی رات گو سرِ عرشِ علیٰ تھے آپؐ!!

O

نور نے تلوؤں کو سہلا کر جگایا خواب سے

یوں ہوئی سرکارؐ کی معراجِ جسمانی شروع

O

رہ گئے سدرہ کی منزل ہی پہ جبریلؑ امیں

کون جانے رفعتِ شانِ شہنشاہِ عربؐ

O

وہ جگہ تو سفر کا ہے آغاز!

جس جگہ تھک گیا ہے سدرہ نشین

O

نقشِ قدمِ پاک کو پانا محال ہے

پہنچے نہ جبریلِ امیںؑ بھی، جہاں ہیں آپ

O

مقام پایا ہے عرشِ اعلیٰ نے میرے سرکارؐ کے قدم سے

وقارِ انسانیت بڑھایا خدا نے خیر البشرؐ کے دَم سے،

O

ہے کون اُن کے سوا محبوب اتنا؟

ہوئی جس کی رسائی لامکاں تک

O

حریمِ لامکاں تک ہے رسائی!

میں اس رو پہ، اس قربت پہ صدقے

O

ملنے کو لامکاں پہ گئے عینِ ذات سے

آقاؐ کو انعکاسِ تجلّی سے کیا غرض

○

جس کی خاطر منتظر تھا میزبانِ لامکاں
اُدْنُ مِنِّی کا مخاطب ہے وہ مہمانِ نشاط

○

زمیں پہ کرتے تھے بوبکرؓ آپ کی تصدیق
حریمِ قُدس میں خالق تھا ہم کلامِ رسولؐ

○

تھی تمہاری مغفرت کے واسطے اے عاصیو!
قربِ حق میں بھی دعائے رحمۃٌ للعالمینؐ

○

نازشِ بزمِ دَنَا صورت رسولؐ اللہ کی
اے تعالیٰ اللہ، یہ رفعت رسولؐ اللہ کی

○

ملتا رہا جو اُن سے عرب کی زمین پر!
اک رات اُس سے جا کے وہ خود عرش پر ملے

○

جو شخص ہے نبیؐ کی شفاعت سے مُنحرف
بے شک وہ ہے قیامِ قیامت سے مُنحرف

○

حشر میں صبحِ شفاعت بھی کرم فرمائے گی!
جُرمِ عصیاں پر مری شامِ ندامت کے سبب

○

قیامت میں سہارا لوں گا دامانِ شفاعت کا
بہر صورت یہ ہے میرا ارادہ اے مرے آقاؐ

ہم کو ملے گا چشمِ شفاعت کا نور بھی !!!

چوکھا جو ہو گا حشر میں پاسِ ادب کا رنگ

شفیع اُن کو نہ مانا اگر تو کفر کیا

حواس کا یہ فقط اختلال ہی تو نہیں

کسی مُرسل کی اب حاجت نہیں ہے

رسالت مُصطفےٰ کی ہے دوامی

یہ زمین و آسماں، وہ کرسی و لوح و قلم

آپ کے زیرِ نگیں ہیں سرورِ دنیا و دیں

افلاک ہوں یا ہو فرشِ زمیں، سرکار کے ہیں سب زیرِ نگیں

ہے زیرِ قدم عرشِ اعلیٰ، سبحان اللہ، ماشاء اللہ

مرے مُصطفےٰ ہی کے زیرِ نگیں ہیں !

دو عالم کے سارے امورُ اللہ اللہ

مالک و مُختارِ موجود و عدم ہوتے ہوئے !!

زندگی آقا نے عسرت میں گزاری واہ وا

گردشِ دوراں ہے اُن کی جنبشِ ابرو کا نام

اُن کے جلووں سے منوّر ہے جہانِ رنگ و بو

○

جہاں کا مطلعِ اوّل ہیں، مقطعِ ہر سیادت کا
رواں ہے آپ کا سکہ ازل سے تا ابد آقا

○

حبشیؓ کی طرح کر ایقانِ برہانِ محمد صلی علی
قرنیؓ کی طرح ہو قربانِ دندانِ محمد صلی علی

○

زمین و آسماں میں تذکرہ ہے
حرا و ثور کے عزلت گزیں کا!

○

کوئی تکلیف ہو، اُس کا ازالہ آپ سے ہو گا!
مرض جیسا بھی ہو، ہے اُس کا دارو "یا رسول اللہ"

○

ترشّح رحمتوں کا ہو تو پھر دِل کو قرار آئے!
چراغِ داغِ مہجوری سے اُٹھتا ہے دھواں آقا

○

ہر اک مشکل مری آساں ہوئی ہے آپکے صدقے
کہ میں نے آپ کو ہر دم پکارا یا رسولؐ اللہ

○

یہ بات مختصر ہے مگر مختصر نہیں!
ذکر اُن کا کب نہیں کہ مری چشم تر نہیں

○

غمِ فراقِ دیارِ حبیبؐ کے باعث
ہجومِ اشک رواں چشمِ تر میں رہتا ہے

○

دل میں یادِ نبیؐ در آئی ہے !
وا ہوا چشمِ نم کا دروازہ

○

پلکیں جو ابرِ عشقِ نبیؐ سے ہوں باوضو !!
کھل جائیں گے گلاب سرِ مزرعِ سخن

○

ابرِ رحمت کھل کے برسے گا شعورِ زیست پر
پہلے ہو دُربارِ ذکرِ پاک میں چشمِ پُرآب

○

جو یادِ سرورِ عالمؐ میں آنکھ سے ٹپکے
وُہ ایک اشک دُرِ شاہوار ہے کہ نہیں

○

آبِ سحابِ رحمتِ حق جلوہ گر ملے !
یادِ رسولِ پاکؐ میں جو آنکھ تر ملے

○

نکلنا یادِ طیبہ میں کچھ آنسو !
سکونِ قلب کا ہے ایک پہلو

○

آنکھیں ہوں اُن کی یاد کے پانی سے باوضو
پہلی یہ شقِ شرائطِ ذوقِ نظر کی ہے

○

بُعدِ طیبہ میں ہے سیلِ آبِ محسوسات کا !
ہوگئی جذبات کے طوفاں سے طغیانی شروع

○

شمع ہے احساس کی ضو بار اِس فانوس سے
ہے مقدر سے میسر چشمِ پُر آبِ خلوص

○

بسی ہیں گنبدِ خضریٰ کی اس میں تنویریں
مری نگاہیں بھی جب سے نمی سے واقف ہیں

○

اشکِ مجبوری سے جو کرتے رہیں اکثر وضو
جا کے طیبہ میں نمازِ عشق ادا کرتے ہیں لوگ

○

نعت کہنے کے لیے لفظوں کو!
اپنے اشکوں سے بھگونا ہوگا

○

مرے واسطے بھی نبیؐ مُضطرب تھے
نہیں میری آنکھیں نم آلود تنہا

○

یارب! تجھے نہ اشکِ ندامت کا سلسلہ
دامن ہے اُن کا دیدۂ تر کی تلاش میں

○

یادِ محبوبِؐ خُدا کا اِس میں گوہر دیکھ کر!
ہو گیا خوش مجھ سے داور دیدۂ تر دیکھ کر

○

مدحِ رسولؐ ہو کہ صحابہؓ کی منقبت
ان مشغلوں میں صبح دما جگمگائے حق

○

اصحابِ مصطفیٰؐ کے مناقب لکھا کرو
مدحِ نبیؐ کا ہے یہ قرینہ، خدا گواہ

○

رسولؐ اللہ ہیں بے شک ہدایت کے مہِ کامل
صحابیؓ ہے جو اُن کا، اخترِ تابانِ طیبہ ہے

○

کیوں نہ اصحابِؓ نبیؐ ٹھہریں ہدایت کے نجوم
ضوفگن ہے مہرِ تابانِ شہنشاہِ عربؐ

○

مثالِ ماہِ تاباں ہے جہاں میں آپؐ کی ہستی
صحابیؓ آپ کے ہیں مثلِ انجم یا رسولؐ اللہ

○

ہمارے واسطے ہے ذکر اُن کا باعثِ رحمت
جنھوں نے آپ کو آنکھوں سے دیکھا یا رسولؐ اللہ

○

ہر خوف سے کرے گا خدا اُس کو بے نیاز
حضرتؐ کے ساتھیوں کا کوئی ہمنوا تو ہو

○

حضرتِ بوبکرؓ و فاروقؓ و غنیؓ و مُرتضٰےؓ
مُصطفٰے صلِّ علیٰ کی چار یاری واہ دا!

○

رونقِ محفل ہیں بوبکرؓ و فاروقؓ و عثمانؓ و حیدرؓ
اور ہیں میرِ محفل احمد صلی اللہ علیہ وسلم

○

آقا مہ ہدیٰ ہیں تو تارے بڑے بڑے
بوبکرؓ یا عمرؓ ہیں یا عثمانؓ یا علیؓ

○

تھے یک جا ثور میں پروانہ و شمع
یہ تھی وصلت شبِ ہجرت کے صدقے

○

تا ابد ہیں ہم نشینِ شہؐ ابوبکرؓ و عمرؓ
مرتبے کیا کیا ملے اِن کو رفاقت کے سبب

○

آپ کے دامن نے دی ہے ہم کو دُنیا میں پناہ
حشر میں بھی ہو یہی سایہ فگن شاہِ زمنؐ

○

ہم سیہ کاروں کے سر پر حشر کے میدان میں
سایہ افگن ہوگا دامانِ شہنشاہِ عربؐ

○

ہیں نا اُمید نہیں دید کے حوالے سے
بروزِ حشر یہ ارمان نکلنے والا ہے

○

لوائے رحمت کا سایہ ہوگا بروزِ محشر، یہ دیکھ لینا
حضورؐ کی منقبت سے جنّت گناہگاروں کو بھی ملیگی

○

احتسابِ حشر کا بھی ڈر برائے نام ہے
وُہ جو شافع ہیں تو کیوں مجھ کو ہو دوزخ کا عذاب

○

دُنیا میں بھی آرام سے ہیں اُن کے کرم سے
ان کا ہی سہارا ہے ہمیں روزِ جزا بھی

○

آپ کی چشمِ تصور جب کرم فرمائے گی
حشر میں ہم عاصیوں کا بھی بھرم رہ جائے گا

○

میرے آقا مجھ سے عاصی کی مدد کو آئینگے
ہو گی جس دم حشر میں میری پریشانی شروع

○

ان کی رحمت ہے پردہ پوش مری
حشر میں خوف کیا سزاؤں کا

○

نعتِ حبیبِ خالقِ کونین کے طفیل
محمودِ پُر خطا کو جہنم کا ڈر نہیں

○

خدا، میزانِ، محشر، عدل، ڈر، محمود بے چارہ
مگر ہوں گے جو شافع رحمتِ عالم تو کیا پروا

○

مُصطفےٰ کی شان دیکھو گے سرِ میدانِ حشر
فیصلہ حق بھی کرے گا اُن کے تیور دیکھ کر

○

حضورؐ روزِ نشور ہم کو نگاہِ رحمت کریں عنایت
وگرنہ محمود مارے جائیں گے سارے عصیاں شعار ہم سے

○

محشر میں جب فرشتے عمل تولنے لگیں
نعتیں مرے حساب میں خود بولنے لگیں

○

ہمیں سرکار کے دم سے ملے گی
مری جانِ حزیں قربانِ فردوس

○

مری فردِ عمل جیسی بھی ہے، جنّت میں جاؤں گا
ذرا فرمائیے گا جب اشارا یا رسولؐ اللہ

○

کیا بتاؤں میں ہوائے خُلد کا ذوقِ نظر
گنبدِ خضریٰ کو وہ بھی چومتی ہے یا نبیؐ!

○

نچھاور ہوں گی جنّت کی فضائیں
جو آئی گلشنِ طیبہ کی خوشبو

○

کیا ہے جنّت جو تو مزے لے
اُن کے گنبد کی ٹھنڈی چھاؤں کا

○

جو دیدِ طیبہ سے قسمت بدلنے والا ہے
کہاں بہشتِ بریں سے بہلنے والا ہے

○

دیارِ طیبہ کو کون چھوڑے، ریاضِ جنّت میں کون جائے
نسیمِ جنّت بھی دیکھ لیجے، درِ نبیؐ چومتی ملے گی

○

جاؤں گا جناں کو نہ مدینے سے کبھی میں
ہر ذرۂ طیبہ پہ ہے اطلاقِ ارم عام

○

نظّارے کی خواہش ہے تو پھر آنکھ اُٹھاؤ
ہر ذرۂ طیبہ میں اِرم جلوہ نُما ہے

○

ہو رسائی طیبہ تک نعت گوئی کے صدقے
خُلد اِس کے بدلے میں مَیں کبھی نہ لُوں لیکن

○

جو خارِ دشتِ طیبہ سے ہے واقف
اسی کو ہے فقط عرفانِ فردوس

○

ذہن میں دشتِ مدینہ کا تصور آیا!!
پھُول اُلفت کے مری شاخِ نظر پر چمکے

○

زمانے بھر میں جاری چشمۂ فیضانِ طیبہ ہے
رسُولؐ اللہ کا نقشِ قدم عنوانِ طیبہ ہے

○

مدینہ منبعِ رُشد و ہُدیٰ ہے
یہ سارا فیض ہے اُسکے مکیں کا

○

کشودِ غنچۂ دل ہے ہوائے طیبہ سے
اسی کے فیض سے ہم تازگی سے واقف ہیں

○

رچی بسی ہے دِلوں میں محبتِ طیبہ
یہ جذبہ ایسا ہے جسکو زوال ہی تو نہیں

○

راحتوں کی بات ہے محمودؔ طیبہ کا خیال
کاوشِ دیدِ مدینہ کاہشِ غم کا علاج

○

باغِ طیبہ بہار ساماں ہے
اِس کو خدشہ نہیں خزاؤں کا

○

مِل جائے گا مجھے دلِ گم گشتہ کا سُراغ
طیبہ میں ہے یا اُس کے کہیں آس پاس ہے

○

یا خدا مجھ کو عطا کر سبز گنبد کی بہار!
کھیتی جذبوں کی ہوائے طیبہ سے پھُولے پھلے

○

جنھیں مِلی ہو سعادت، اُنھیں ذرا پُوچھو!!
مدینہ دہر میں دارالقرار ہے کہ نہیں

○

طاقِ دِل پر یادِ طیبہ کے دیے روشن ہوئے
غور سے دیکھا تو تھی طلعت رسُولؐ اللہ کی

○

بسالے دِل میں نقشِ شہرِ طیبہ
اگر چاہے سکُونِ قلب و جاں تُو

○

سامنے اُس کے جھکی عرشِ بریں کی رفعت
آپ کا شہر کہ تھا ساخت میں گاؤں جیسا

○

رات دن آنکھوں میں ہیں ذراتِ کوئے مصطفیٰ
میرا دامانِ نظر ہے ماہ و انجم آشنا

○

نورِ حق سے پائیں گے قلب و نظر اُس کی جِلا
جس کا چہرہ راہِ طیبہ میں غبار آلود ہے

○

دلِ محزوں تڑپتا ہے کہ دیکھے گنبدِ خضرا
نظر کا سوئے طیبہ ہے جماؤ یا رسول اللہ

○

خارِ رہِ طیبہ گر چُبھ جائیں تصور میں
ویرانۂ دل اپنا گلزار نظر آئے

○

محروم ہیں دیارِ حبیبِ خدا سے دُور
ہم سے ہماری شومیٔ قسمت نہ پُوچھیے

○

خیالِ دُوریٔ طیبہ سے اے شہِ والا!
یہ دل تپاں ہے تو آنکھیں ہیں شبنمی اپنی

○

شہنشاہی سے بہتر ہے گدائی کوئے طیبہ کی!
سرِ دشتِ طلب کرتا ہوں سیرِ لامکاں آقا

○

لامکاں تک تو رسائی اس کی ممکن ہی نہیں
ہو گی طیبہ ہی میں یہ چشمِ تماشا مطمئن!

○

لامکاں تک تو تصور بھی پہنچ سکتا نہیں!
جا کے طیبہ ہی میں خالق کا پتا کرتے ہیں لوگ

○

ضو پاش و ضیا ریز ہے خورشید کی مانند
چہرہ جو غبارِ رہِ طیبہ سے اٹا ہے

○

محمودؔ گردِ راہِ مدینہ کی ہے طلب
میں جانتا ہوں کحلِ بصر کس کا نام ہے

○

درِ نبیؐ کی طلب، آرزو حضوری کی
عظیم جشن دلِ مختصر میں ہوتے ہیں

○

اُمیدِ دیدِ مدینہ مری نگاہ میں ہے
یہ اور بات، زمانہ نظر شناس نہیں

○

مرے کام آئیں یہ مژگان و ابرو یا رسولؐ اللہ
جو اِن سے دے سکوں طیبہ میں جھاڑو یا رسولؐ اللہ

○

آپ ہی آقاؐ مدد فرمائیے تو آ سکوں
